مفہوم آزادی

امام خمینیؒ

کے افکار کی روشنی میں

www.ketab.ir

مؤسسہ تنظیم ونشر آثار امام خمینیؒ
امور بین الملل

سرشناسه: تمیمی، رقیه
عنوان قراردادی: بررسی مفهوم آزادی وقانون در اندیشه‌های امام‌خمینی(س)، جان لاک ومنتسکیو. اردو. برگزیده
عنوان ونام پدیدآور: مفہوم آزادی امام‌خمینی کی افکار کی روشنی میں / نویسنده رقیه تمیمی؛ ترجمه حبیب‌الحسن صابری.
مشخصات نشر: تهران: مؤسسه چاپ ونشر عروج، ۱۳۹۰.
مشخصات ظاهری: ۱۹۹ ص.
شابک: ISBN: 978 - 964 - 2121 - 64 - 9
وضعیت فهرست‌نویسی: فیپا
یادداشت: این کتاب برگزیده‌ای است از کتاب "بررسی مفهوم آزادی وقانون در اندیشه‌های امام‌خمینی(س)، جان لاک و منتسکیو از انتشارات مؤسسه تنظیم ونشر آثار امام‌خمینی(س)، مؤسسه چاپ ونشر عروج که در سال ۱۳۸۶ منتشر شده است.
کتابنامه: به صورت زیرنویس.
عنوان به زبان اصلی: بررسی مفهوم آزادی در اندیشه امام‌خمینی(س)
موضوع: خمینی، روح‌الله، رهبر انقلاب وبنیانگذار جمهوری اسلامی ایران، ۱۲۷۹ ـ ۱۳۶۸. ـ نظریه درباره آزادی / خمینی، روح‌الله، رهبر انقلاب وبنیانگذار جمهوری اسلامی ایران، ۱۲۷۹ ـ ۱۳۶۸. ـ نظریه درباره قانونگرایی / منتسکیو، شارل لوئی دوسکوندا، ۱۶۸۹ ـ ۱۷۵۵م. ـ نقد وتفسیر / لاک، جان، ۱۶۳۲ ـ ۱۷۰۴م. ـ نقد وتفسیر / آزادی / قانون‌گرایی.
شناسه افزوده: صابری، حبیب‌الحسن، مترجم / مؤسسه تنظیم ونشر آثار امام‌خمینی(س).
رده‌بندی کنگره: ۱۳۹۰ ۴۰۴۶۲۶ب۴آ /۵/ DSR ۱۵۷۴
رده‌بندی دیویی: ۰۸۴۲/ ۹۵۵
شماره کتابشناسی ملی: ۲۳۰۸۱۰۹

کد/ م ۲۷۰۸

مؤسسه چاپ ونشر عروج

مفہوم آزادی

امام خمینیؒ کے افکار کی روشنی میں

نویسنده: رقیہ تمیمی

ترجمہ: شیخ حبیب الحسن صابری / نظرثانی: سید رمیز الحسن موسوی

ناشر: مؤسسہ چاپ و نشر عروج

طبع: دوم ۱۴۰۳

تعداد: ۵۰۰

قیمت: ۵۵۰/۰۰۰

101018000100054
مفهوم آزادی در اندیشه امام

پتہ: جمہوری اسلامی ایران، تہران [illegible] سورہ ۵

پوسٹ بکس: ۳۱۴ ـ ۱۹۵۷۵ کوڈ: ۱۹۷۷۶

ٹیلی فون: ۵ ـ ۲۲۲۹۰۱۹۱+۲۲۲۸۳۱۳۸ فیکس: ۲۲۲۹۰۴۷۸(۲۱ ۰۰۹۸)

ای میل: International-dept@imam-khomeini.ir

(بررسی مفہوم آزادی در اندیشہ امام خمینیؒ بہ زبان اردو)

www.ketab.ir

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

عصر حاضر کا فطرتاً بیدار انسان جدید تمدن کی مفید ایجادات کا منکر نہیں اور نہ ان کے فوائد سے روگرداں ہے، بلکہ آج کا انسان زندگی کی ایک نئی فضا کی تلاش میں ہے جس میں عدالت وآزادی کے ساتھ روحی اطمینان اور اندرونی اور بیرونی لحاظ سے سکھ کا سانس لے سکے۔ انقلاب اسلامی ایسی فضا کی جانب ایک دریچہ ہے، انسان جس کا منتظر ہے۔ یہ ایک عظیم دعویٰ اس وقت حقیقت میں تبدیل ہوگا کہ جب:

1. ہم انقلاب اسلامی کے بنیادی نظریات کو پہچان لیں جو اسلام ناب محمدیؐ کی حقیقت کو سمجھنے کیلئے چراغ راہ ہیں اور اس انقلاب کے عظیم بانی کے گفتار و کردار میں جلوہ گر ہیں۔
2. دو اہم عناصر یعنی وقت اور مکان جو انسانی افکار کے پھلنے پھولنے کا میدان ہیں، کو مدنظر رکھتے ہوئے انسان اور اس کے حقیقی سوالات کو سمجھیں تا کہ اسلام جو نہ صرف ماضی کے عصر حاضر و مستقبل کے انسانوں کا دین ہونے کے ناتے تاریخ میں انسانوں کی مشکلات ومسائل حل کرنے میں اپنی منطق وقدرت ظاہر ہو سکے۔

اس وسیع وادی میں ایک اہم قدم انقلاب اسلامی کے عظیم قائد کے نظریات کو پہچاننا اور

www.ketab.ir

۸ ۞ مفہوم آزادی امام خمینیؒ کے افکار کی روشنی میں

ان کی سنجیدہ انداز میں وضاحت کرنا ہے۔

تحقیق ہذا میں ''مفہوم آزادی'' جو کہ بنیادی مفاہیم میں سے ہے کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کوشش کی گئی ہے کہ امام خمینیؒ کے افکار و نظریات کی وسعتوں کو پہچانتے ہوئے آپ کے بنیادی نظریات کی تفسیر و تشریح کی جائے۔

امام خمینیؒ فرماتے ہیں:

انسان کا بنیادی حق ہے کہ وہ کہتا ہے کہ ''میں چاہتا ہوں کہ آزاد ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ میں بولوں میں آزاد رہوں''[1]

دنیا میں موجود عظیم ترین نعمتوں میں سے ایک نعمت انسان کی آزادی ہے۔ آدمی حاضر ہے کہ اپنا سب کچھ آزادی کے اوپر فدا کر دے۔[2] کیا آزادی عطا ہونے والی شے ہے؟ یہ کہنا بھی جرم ہے۔ یہ کہنا کہ ''ہم نے آزادی دی ہے'' بھی جرم ہے۔ آزادی عوام ہی کی ہے۔ قانون نے آزادی دے دی ہے۔ خدا نے لوگوں کو آزادی دی ہے۔[3]

سوال یہ ہے کہ کیا امام خمینیؒ نے ایک سیاستدان کی حیثیت سے معاشرے پر حاکم ماحول اور فضا کو دیکھتے ہوئے یہ گفتگو کی ہے یا اپنے نظریاتی مبانی کی بنا پر اس قسم کے نظریات کا اظہار فرمایا ہے؟

....

۱۔ صحیفہ امام، ج ۳، ص ۵۱۰۔

۲۔ صحیفہ امام، ج ۱۰، ص ۴۶۷۔

۳۔ صحیفہ امام، ج ۳، ص ۴۰۶۔

www.ketab.ir

جو کچھ اس کتاب میں مرقوم ہوگا در حقیقت حضرت امام خمینیؒ کے ''مفہوم آزادی'' سے متعلق بنیادی نظریات کے سلسلے میں ایک وضاحت ہے۔

www.ketab.ir